ماڈل پیپر "جنرل سائنس"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ　　کل نمبر:15

نوٹ:۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) الیکٹریسٹی کے حصول کا یہ طریقہ تھرمل پولیوشن پھیلاتا وہ ہے۔

(A) ہائیڈرو الیکٹرک پاور　(B) تھرمل پاور　(C) نیوکلیر پاور　(D) بائیوگیس کا جلانا

(ii) فوسل فیولز جلانے سے حاصل ہوتی ہے۔

(A) سولر پاور　(B) ٹائڈل پاور　(C) نیوکلیئر پاور　(D) تھرمل پاور

(iii) ایٹم میں تباہی پھیلانے والی انرجی کونسی انرجی ہے؟

(A) الیکٹریکل　(B) نیوکلیر انرجی　(C) الف وب دونوں　(D) ان تینوں میں سے کوئی نہیں

(iv) ہوا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار کس عمل سے بڑھتی ہے؟

(A) ضیائی تالیف　(B) ریسپریشن　(C) جلنے سے　(D) ویپرز بننے سے

(v) کرنٹ ماپنے والے آلے کا نام ہے۔

(A) وولٹ میٹر　(B) سرکٹ بریکٹر　(C) ایم میٹر　(D) تھرمامیٹر

(vi) نیوٹرل وائر کی پوٹینشل۔

(A) صفر ہوتی ہے　(B) 200+ وولٹ ہوتی ہے　(C) 220- وولٹ ہوتی ہے　(D) بدلتی رہتی ہے

(vii) سرکٹ کے اہم اجزاء کی تعداد ہے۔

(A) 2　(B) 3　(C) 4　(D) 5

(viii) پی ٹائپ سیمی کنڈکٹرز میں زیادہ تر کرنٹ کا ذریعہ ہے۔

(A) آزاد الیکٹرونز　(B) پوزیٹو آئنز　(C) حرارت　(D) ہولز

(ix) ڈائیوڈز استعمال کیے جاتے ہیں۔

(A) AC کو DC میں بدلنے کے لئے　(B) DC کو AC میں بدلنے کے لئے

(C) وولٹیج کو کم یا زیادہ کرنے کے لئے　(D) چارج سٹور کرنے کے لئے

(x) ریڈیو سسٹم میں کیریر ویوز کو کس کے ذریعے فضا میں نشر کیا جاتا ہے؟

(A) انٹینا　(B) مکسڈ آوازیں　(C) ٹرانسمیٹر انٹینا　(D) ان تینوں میں سے کوئی نہیں

(xi) ایکس ریز جس گیس میں گزرتی ہیں ان میں پیدا کرتی ہیں۔

(A) ریڈیو ایکٹویٹی　(B) آئیونائزیشن　(C) ایوپوریشن　(D) ایکسائی ٹیشن

(xii) الٹراساؤنڈ کی فریکوئنسی ہوتی ہے۔

(A) 20Hz سے کم　(B) 20 Hz　(C) 20KHz سے زیادہ　(D) 20KHz

(xiii) سہ سمتی تصویر کہلاتی ہیں۔

(A) ہوموگرام　(B) اینا گرام　(C) ہولوگرام　(D) اینا گرافی

Result.pk

(xiv) سپارکو قائم ہوا۔

(A) 1958ء میں (B) 1961ء میں (C) 1975ء میں (D) 1991ء میں

(xv) پاکستان نے کب اپنا پہلا راکٹ رہبر خلا میں بھیجا؟

(A) 1962ء میں (B) 1972ء میں (C) 1982ء میں (D) 1992ء میں

Result.PK

ماڈل پیپر "جنرل سائنس"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II (جماعت دہم) امتحان 2014ء ومابعد

حصہ انشائی

وقت:2:10 گھنٹے　　کل نمبر:60

(حصہ اول PART-I)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) کنزرویشن آف انرجی کا قانون بیان کریں۔

(ii) ہائیڈرو الیکٹرک پاور کسے کہتے ہیں۔

(iii) ماحول کی ابتری سے کیا مراد ہے؟

(iv) سولر پینل سے کیا مراد ہے؟

(v) فوسل فیول کسے کہتے ہیں۔

(vi) اوہم کے قانون کی تعریف کریں۔

(vii) رزسٹنس کسے کہتے ہیں؟

(viii) اینالوگ میٹر اور ڈیجیٹل میٹر میں کیا فرق ہے؟

(ix) سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر کیا ہوتا ہے؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) ملٹی میٹر کس کام آتا ہے؟

(ii) پی این جنکشن یا سیمی کنڈکٹر کیا ہوتے ہیں؟

(iii) کیریرویوز کیا ہوتی ہیں؟

(iv) ورڈ پروسیسنگ کسے کہتے ہیں۔

(v) ڈیجیٹل سگنلز کیا ہوتے ہیں؟

(vi) پروٹوکول کسے کہتے ہیں؟

(vii) لیزر سے کیا مراد ہے؟

(viii) EEG اور ECG سے کیا مراد ہے؟

(ix) ایم آر آئی کسے کہتے ہیں؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) ہولوگرافی کسے کہتے ہیں۔

(ii) گیمیا پارٹیکلز کی دو خصوصیات بیان کریں۔

(iii) سی ٹی سکین کے دو فوائد لکھیں۔

(iv) سپارکو کے چار بنیادی مقاصد تحریر کریں؟

(v) PINSTECH کس کا مخفف ہے؟

(vi) راڈار سے کیا مراد ہے؟

(vii) آفتھلمولوجی سے کیا مراد ہے؟

(viii) ڈائیوڈ کا اہم استعمال بیان کریں؟

(ix) فوٹو ڈائیوڈ کیا ہوتے ہیں؟

Result.pk

(4)

(PART-II حصہ دوم)

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

-5	(الف) بائیوماس اور سالڈ ویسٹ الیکٹریسٹی کیسے حاصل کی جاتی ہے؟	4
	(ب) ماحول کی ابتری سے کیا مراد ہے؟ تفصیلی جائزہ لیں۔	4
-6	(الف) کپیسٹرز کی اقسام اور ان کا استعمال بیان کریں۔	4
	(ب) سیمی کنڈکٹر ڈائیوڈ سے کیا مراد ہے؟ ڈائیوڈ کو فارورڈ بائیڈس اور ریورس بائیڈس کس طرح کیا جاتا ہے؟ ڈائیوڈ کی مختلف اقسام اور ان کے چند استعمال بیان کریں۔	4
-7	(الف) اوہم کا قانون بیان کریں۔	4
	(ب) ٹرانسفارمر کیا ہے۔ اسکی ساخت، کام اور اس کا استعمال تفصیل سے بیان کریں۔	4
-8	(الف) سی ٹی سکین پر مختصر نوٹ لکھیں۔	4
	(ب) پاکستان سٹیل انڈسٹری پر نوٹ لکھیں۔	4
-9	(الف) پاکستان کے نیوکلیئر پاور پلانٹس کہاں پر واقع ہیں اور انکی کل پیداواری صلاحیت کیا ہیں؟	4
	(ب) اینالوگ اور ڈیجیٹل میٹر میں فرق بیان کریں۔	4

Result.PK